سوال

(203) شخص بھول کر چار سنت کی بجائے پانچ رکعت پڑھ لے   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی شخص بھول کر چار سنت کی بجائے پانچ رکعت پڑھ لے تو پھر کیا کرے آیا ساری نماز دہرائے یا سجدہ سہو کام دے جائے گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ساری نماز دہرانے کی ضرورت نہیں سجدۂ سہو کرلینا کافی ہے۔ حضور سرورِ کائنات خود ایک بار نماز ظہر میں بھول گئے تھے اور چار رکعت کی بجائے پانچ پڑھ گئے تھے جب لوگوں نے توجہ دلائی تو آپ نے سلام پھیر چکنے کے بعد دو سجدے کر لیے اور فرمایا کہ نماز ہوگئی۔

(ابوداؤد، ص ۳۹۰)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 04 ص 277

محدث فتویٰ